خبرنامہ

ادارہ

مسلم یونیورسٹی میں قرأت کانفرنس کا انعقاد :

علی گڑھ مسلم یونیورسٹی میں نظامت سنی دینیات کے زیراہتمام ۲ روزہ کل ہند قرأت قرآن کانفرنس کا ۱۷-۱۸ ارمارچ ۱۹۹۰ء کو انعقاد ہوا۔ اس میں ہندوستان کے علاوہ افغانستان، تھائیلینڈ اور ملیشیا کے قرار اور اسلامی علوم کے ماہرین نے شرکت کی۔ پہلے دن قرأت کے موضوع پر مقالات پڑھے گئے اور دوسرے دن مقابلہ قرأت کا اہتمام کیا گیا۔ افتتاحی اجلاس وائس چانسلر مسلم یونیورسٹی کی زیرصدارت ہوا۔ ناظم دینیات مولانا سعود عالم قاسمی نے خطبہ استقبالیہ پیش کیا اور پروفیسر فضل الرحمن گنوری نے کلیدی خطبہ دیا۔ آخری اجلاس میں مقابلہ قرأت میں اول، دوم اور سوم آنے والوں کو انعامات دیئے گئے۔ اس نشست کی صدارت جناب منظور احمد صاحب ڈائرکٹر اوقاف ہریانہ وپنجاب نے کی۔ نظامت دینیات کی طرف سے اس کانفرنس میں پیش کیے جانے والے مقالات کو بڑے اہتمام سے شائع کرنے کی تیاریاں جاری ہیں۔ مقالات کے اجلاس میں ادارہ علوم القرآن کے بعض اراکین نے بھی شرکت کی اور اپنے مقالات پیش کیے۔

(ادارہ)

انگریزی اور جرمن میں قرآن مجید کے نئے ترجموں کا منصوبہ :

ملکۂ برطانیہ کے شوہر امیر فیلیپ نے انگریزی زبان میں کتب مقدسہ کے مستند تراجم شائع کرنے کے لیے ایک بین الاقوامی کمیٹی تشکیل دینے کا اعلان کیا ہے۔ اس منصوبہ کے تحت سب سے پہلے قرآن مجید کا ترجمہ تیار کرایا جائے گا اور اسے معتمد مسلم سنی علماء کی منظوری حاصل ہوگی۔

(اخبار العالم الاسلامی ۲۸ رجب ۱۴۰۹ھ)